عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دارالاشاعت علویۂ رضویۂ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَن یُرِدِ اللہُ بِہٖ خَیرًا یُفَقِّہْہُ فِی الدِّین

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حادی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سُنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ [illegible]

قیمت ۲/۵۰

مسئلہ: اگر مقتدی عمامہ باندھے ہوں اور امام کے سر پر عمامہ نہ ہو تو نماز درست ہوگی یا نہیں۔

الجواب: نماز بلا تکلف درست ہوگی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ: ایک شخص تنہا نماز پڑھتا ہے۔ اگر اسکو سہو ہو جائے تو سجدۂ سہو ایک ہی طرف سلام پھیرنے سے درست ہوگا یا دونوں طرف۔

الجواب: ایک ہی طرف سلام پھیرے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۹: قاضی کو نکاح پڑھانے کا روپیہ لینا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: حسب مرضی اہل معاملہ بلا جبر واکراہ پہلے سے مقرر کر کے لے سکتا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۰: کفار سے سود اور رشوت لینا مسلمان کو جائز ہے یا نہیں۔ لہٰذا ہندوستان دار الحرب ہے یا دار الاسلام۔

الجواب: سود اور رشوت مطلقاً حرام ہیں۔ ہندوستان دار الحرب نہیں دار الاسلام ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۱: کافر کے ہمراہ مسلمانوں کو کھانا کھانا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: ممانعت ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۲: ہندو کے یہاں کی شیرینی پر فاتحہ دینا جائز ہے یا نہیں اور اس کے گھر کا کھانا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: اولٰی یہ ہے کہ فاتحہ کے لئے شیرینی مسلمانوں کے یہاں کی ہو اور ہندو کے یہاں کا گوشت حرام ہے۔ باقی کھانوں میں مضایقہ نہیں۔ اگر کوئی وجہ شرعی مانع نہ ہو۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۳: شرع شریف میں لڑکا اور لڑکی کتنی عمر میں بلوغ کو پہنچتے ہیں۔

الجواب: لڑکا کم سے کم بارہ[۱۲] برس میں اور لڑکی نو[۹] برس میں اور زیادہ سے زیادہ دونوں پندرہ[۱۵] برس میں واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۴: اگر حالت جنابت میں عورت مرجائے تو ایک ہی غسل کفایت کرتا ہے یا دو[۲]۔

الجواب: ایک ہی غسل کافی ہے اگرچہ تین[۳] غسل جمع ہو جائیں۔ مثلاً عورت کو حیض آیا ابھی نہ نہائی تھی کہ جماع کیا۔ ابھی غسل نہ کرنے پائی کہ مرگئی۔ ایک ہی غسل دیا جائے گا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

بغیر عمامہ امام

سہو کے لئے ایک طرف سلام

نکاح پڑھانے کا روپیہ

رشوت اور سود

کافر کے ساتھ کھانا اور شیرینی

کافر کا گوشت حرام

جنابت والی میت کو ایک غسل